Total printed Page: 7]   Roll No……………

MAUL-103

Urdu Zban-o-Adab Ki Tareekh

M.A. Urdu (MAUL-12/16/17)

First Year Examination, 2019

Time : 3 Hours   Max. Marks : 80

ہدایت:۔ یہ پرچہ تین حصوں الف، ب اور ج پر مشتمل ہے۔ تمام حصوں کے سوالات کے جوابات متعلقہ ہدایت کے مطابق تحریر کیجیے۔

(حصہ الف)

درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال 19 نمبروں پر مشتمل ہے۔ 19x2=38

1۔ دکن میں اردو زبان کے فروغ پانے کے تاریخی اسباب کا جائزہ لیجیے۔

2۔ فورٹ ولیم کالج کی نثری خدمات پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔

3۔ دہلی کالج کی اردو خدمات پر روشنی ڈالیے۔

4۔ فورٹ ولیم کالج سے قبل شمالی ہند میں اردو نثر کے فروغ کا جائزہ لیجیے۔

(حصہ ب)

مندرجہ ذیل میں سے چار سوالوں کے جواب دیجیے۔ ہر سوال 8 نمبرات کا حامل ہے۔ 8x4=32

1۔ ہند آریائی خاندان کی تقسیم کے بارے میں مختصراً لکھیے۔

2۔ اردو زبان وادب کے ارتقاء میں عہدِ میرؔ وسوداؔ کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

3۔ ایہام گوئی کی تحریک پر ایک مضمون لکھئے۔

4۔ ترقی پسند تحریک کی خدمات کا جائزہ پیش کیجئے۔

5۔ علی گڑھ تحریک کی فکر سے بحث کرتے ہوئے اس کی خدمت کا ذکر کیجئے۔

6۔ جدیدیت کی نثری اور شعری خصوصیات کا سرسری جائزہ لیجئے۔

7۔ دبستانِ دہلی اور دبستان لکھنؤ کا فرق حقیقی ہے؟ اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

8۔ تاریخ ادب اردو کے موضوع پر لکھی گئی کسی کتاب کا جائزہ لیجئے۔

(حصہ ج)

درج ذیل سبھی دس سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے لئے ایک نمبر مختص ہے۔ 10x1=10

1۔ اردو کی ابتدا پنجاب سے ہوئی۔ یہ نظریہ کس نے پیش کیا۔

(الف) سید سلیمان ندوی (ب) محمود شیرانی

(ج) محمد حسین آزاد (د) عبدالحق

2۔ ماسٹر رام چندر کا تعلق کس ادارے سے تھا؟

(الف) سائنٹفک سوسائٹی (ب) فورٹ ولیم کالج

(ج) دہلی کالج (د) سینٹ جارج کالج

3۔ اردو کی پہلی تمثیلی داستان کون سی ہے؟

(الف) فسانۂ عجائب (ب) پھول بن

(ج) نوطرزِ مرصع (د) سب رس

4۔ اس میں سے کس شاعر کا تعلق لکھنؤ اسکول سے نہیں ہے؟

(الف) دیاشنکر نسیم (ب) نواب مرزا شوق

(ج) جرأت (د) شاکر ناجی

5۔ باغ و بہار میں پہلا درویش کس ملک کا باشندہ ہے؟

(الف) چین کا (ب) یمن کا

(ج) عرب کا (د) فارس کا

6۔ حلقہ ارباب ذوق کو ابتدا میں کیا کہتے تھے؟

(الف) بزمِ شعر (ب) بزم ترقی پسند تحریک

(ج) بزمِ داستان گویاں (د) بزمِ یارانِ سخن

7۔ اردو کی بنیاد کس بولی پر رکھی گی ہے؟

(الف) برج بھاشا (ب) پنجابی

(ج) کھڑی بولی (د) فارسی

8۔ حاؔلی کی تنقیدی کتاب کون سی مانی جاتی ہے؟

(الف) حیات جاوید (ب) یادگار غالب

(ج) مقدمہ شعر وشاعری (د) ان میں سے کوئی نہیں

9۔ 'اردو ادب کے ارتقا میں ادبی تحریکوں اور رجحانوں کا حصہ' کس کی تصنیف ہے؟

(الف) خلیل الرحمن اعظمی (ب) علی سردار جعفری

(ج) فیض احمد فیض (د) ڈاکٹر منظر اعظمی

10۔ حلقہ ارباب ذوق کا قیام کس شہر میں ہوا تھا؟

(الف) دہلی (ب) لاہور

(ج) لکھنؤ (د) ممبئی

****